| Surname | | Other Names | |
|---|---|---|---|
| Centre Number | | Candidate Number | |
| Candidate Signature | | | |

Leave blank

General Certificate of Secondary Education
Summer 2003

**URDU** **3646/LH**
**Higher Tier**
**Listening Test (including transcript)**

H

Tuesday 3 June 2003 9.00am – 9.45am approximately
(including reading time)

**No additional materials are required.**

Time allowed: 40 minutes approximately
+ five minutes reading time before the test.

**Instructions to candidates**
- Use blue or black ink or ball-point pen.
- Fill in the boxes at the top of this page.
- Before the tape is started, you will be allowed **five** minutes during which you may read through the questions. You may make notes in this time.
- **Do not open this book until you are told to do so.**

This is what you should do for each item.
- Read the instructions and questions.
- Listen carefully to the recording and read the questions again.
- Listen to the recording again, and then answer the questions.
- Your teacher will pause the tape when you hear the tone, after the second hearing of each item, to give you time to write. You may write at any time during the test.
- In **Section A** answer the questions in **Urdu.**
- In **Section B** answer the questions in **English.**
- Write neatly and put down **all** the information you are asked to give.
- Ask any questions now. **There must be no questions or interruptions during the test.**

**Information for candidates**
- Mark allocations are shown in brackets.
- The maximum mark for this paper is **40**.
- You are **not** allowed to use a dictionary at any time during this test.

| For Examiner's Use | | | |
|---|---|---|---|
| Page | Mark | Page | Mark |
| 2 / 3 | | | |
| 4 / 5 | | | |
| 6 / 7 | | | |
| 8 / 9 | | | |
| 10 / 11 | | | |
| 12 / 13 | | | |
| 14 / 15 | | | |
| 16 / 17 | | | |
| 18 / 19 | | | |
| | | | |
| | | | |
| | | | |
| | | | |
| | | | |
| | | | |
| Total (Column 1) → | | | |
| Total (Column 2) → | | | |
| TOTAL | | | |
| Examiner's Initials | | | |

Copyright © 2003 AQA and its licensors. All rights reserved.

# حصّہ (الف)

## سوالات اور جوابات اردو میں

1 سوال نمبر ۱: انیسہ اپنے اسکول کے بارے میں بتا رہی ہے۔

(i) انیسہ کس اسکول میں پڑھتی ہے؟

| | |
|---|---|
| A | ابتدائی |
| B | سیکنڈری |
| C | اسلامی |
| D | لڑکیوں کے |

صحیح جواب کا انگریزی حرف خانے میں لکھیں۔

*(1 mark)* ☐

(ii) انیسہ نے یونیفارم کے بارے میں کیا کہا؟

| | |
|---|---|
| A | ضروری ہے |
| B | اجازت نہیں ہے |
| C | ضروری نہیں ہے |
| D | بچّوں کی مرضی ہے |

صحیح جواب کا انگریزی حرف خانے میں لکھیں۔

*(1 mark)*

**TURN OVER FOR THE NEXT QUESTION**

2 سوال نمبر۲: فریدہ اپنے پسندیدہ رسالے کے بارے میں بتا رہی ہے۔

(i) یہ رسالہ کتنے عرصے کے بعد شائع ہوتا ہے؟

| | |
|---|---|
| ہر سال | A |
| ہر ہفتے | B |
| ہر دو ہفتے | C |
| ہر ماہ | D |

صحیح جواب کا انگریزی حرف خانے میں لکھیں۔

(1 mark) ☐

(ii) اس رسالے کی خوبی کیا ہے؟

| | |
|---|---|
| فلمی خبریں | A |
| سیاسی خبریں | B |
| ہر قسم کی دلچسپ باتیں | C |
| کھیلوں کی خبریں | D |


صحیح جواب کا انگریزی حرف خانے میں لکھیں۔


(1 mark) ☐


(iii) یہ رسالہ کس زبان میں چھاپا جاتا ہے؟

| A | B | C | D |
|---|---|---|---|




صحیح جواب کا انگریزی حرف خانے میں لکھیں۔

*(1 mark)* ☐

**TURN OVER FOR THE NEXT QUESTION**

3 سوال نمبر۳: آپ کے ساتھی فلم اور ڈراموں کے بارے میں اپنی اپنی رائے دے رہے ہیں۔

(i) فیصل کو ہندوستانی فلمیں کیوں پسند نہیں ہیں؟

| | |
|---|---|
| A | خراب ہوتی ہیں |
| B | لمبی ہوتی ہیں |
| C | مختصر ہوتی ہیں |
| D | زبان مشکل ہوتی ہے |

صحیح جواب کا انگریزی حرف خانے میں لکھیں۔

(1 mark) ☐

(ii) روبینہ فلمیں کیوں دیکھتی ہے؟

| | |
|---|---|
| A | بہت شوقین ہے |
| B | تھکاوٹ دور کرنے کے لیے |
| C | وقت گزارنے کے لیے |
| D | باہر جانا پسند نہیں |

صحیح جواب کا انگریزی حرف خانے میں لکھیں۔

(1 mark) ☐

(iii) عمر کو ایشیائی فلمیں اور ڈرامے کیسے لگتے ہیں؟

| | |
|---|---|
| A | ایک جیسے |
| B | اکتا دینے والے |
| C | بہت دلچسپ |
| D | وقت ضائع کرنے والے |

صحیح جواب کا انگریزی حرف خانے میں لکھیں۔

(1 mark) ☐

(iv) شازیہ اردو ڈرامے کیوں دیکھتی ہے؟

| | |
|---|---|
| A | وقت گزارنے کے لیے |
| B | دلی لگاؤ ہے |
| C | اردو بول سکے |
| D | اردو پڑھ سکے |

صحیح جواب کا انگریزی حرف خانے میں لکھیں۔

(1 mark) ☐

—
4

4 سوال نمبر۴: آپ کے ساتھی بتا رہے ہیں کہ وہ کہاں جا رہے ہیں؟

کون کہاں جا رہا ہے؟

**صحیح جواب کے انگریزی حروف ہر ایک کے نام کے آگے لکھیں۔**

| | جگہ |
|---|---|
| A | حجّام |
| B | نان بائی |
| C | درزی |
| D | اخبار فروش |
| E | ڈاکٹر |
| F | عینک ساز |
| G | خریداری کا مرکز |
| H | سبزی فروش |

| | نام | | |
|---|---|---|---|
| (i) | حنا | | *(1 mark)* |
| (ii) | حامد | | *(1 mark)* |
| (iii) | زارا | | *(1 mark)* |
| (iv) | ماجد | | *(1 mark)* |
| (v) | شاہینہ | | *(1 mark)* |

5 سوال نمبر ۵: آپ ایک ٹریول ایجنٹ کے دفتر میں ہیں اور یہ بات چیت سنتے ہیں۔

(i) عورت کو کیسا ٹکٹ چاہیئے ؟


| | |
|---|---|
| یک طرفہ ٹکٹ | A |
| کم قیمت والا | B |
| واپسی ٹکٹ | C |
| مہنگا ٹکٹ | D |

صحیح جواب کا انگریزی حرف خانے میں لکھیں۔

(1 mark) ☐

(ii) وہ کب جانا چاہتی ہے؟

A B C D



صحیح جواب کا انگریزی حرف خانے میں لکھیں۔

(1 mark) ☐

(iii) حیدرآباد دکن جانے کے لیے کیا کرنا ہوگا؟

| | |
|---|---|
| A | ممبئی سے ٹرین لینی ہوگی |
| B | جہاز بدلنا پڑے گا |
| C | جہاز سیدھا جائے گا |
| D | جہاز رکتا ہوا جائے گا |

صحیح جواب کا انگریزی حرف خانے میں لکھیں۔

(1 mark)

**TURN OVER FOR THE NEXT QUESTION**


6 سوال نمبر ٦: آپ کے ساتھی اپنی چھٹیوں کے بارے میں بتا رہے ہیں۔

(i) صوفیہ نے اپنی چھٹیاں کہاں گزاریں؟

A 

B 

C 

D 

صحیح جواب کا انگریزی حرف خانے میں لکھیں۔ ☐

(1 mark)

(ii) کون سی چیز دیکھنے سے تعلّق رکھتی ہے؟

........................................................................................................................................

(1 mark)

(iii) تاج محل کس وجہ سے خراب ہوتا جا رہا ہے؟

| | |
|---|---|
| بہت پُرانا ہو گیا ہے | A |
| توجّہ نہیں دی جا رہی ہے | B |
| کارخانوں کی گندگی سے | C |
| دریا کے پانی سے | D |

صحیح جواب کا انگریزی حرف خانے میں لکھیں۔ ☐

(1 mark)

7 سوال نمبر ۷: آپ کار میں ریڈیو پر خبریں سُن رہے ہیں۔

(i) لاہور کی سڑکوں پر آمد و رفت کیسی ہے؟

| | |
|---|---|
| A | بہت ٹریفک ہے |
| B | گاڑیاں آہستہ چل رہی ہیں |
| C | کوئی مسئلہ نہیں ہے |
| D | سڑک کی مرمّت ہو رہی ہے۔ |

صحیح جواب کا انگریزی حرف خانے میں لکھیں۔

(1 mark) ☐

(ii) شاہراہ پر کیا ہو رہا ہے؟

| | |
|---|---|
| A | کام ہو رہا ہے |
| B | حادثہ ہوا ہے |
| C | گاڑی خراب ہو گئی ہے |
| D | ریل کا پھاٹک بند ہے |

صحیح جواب کا انگریزی حرف خانے میں لکھیں۔


(1 mark) ☐

8


سوال نمبر ۸: آپ ریڈیو پر موسم کے بارے میں سُن رہے ہیں۔

نیچے دیئے ہوئے پاکستان کے شہروں میں موسم کیسا ہوگا؟


اگلے صفحے پر دیئے گئے صحیح جواب کے انگریزی حروف نقشے میں دیئے ہُوئے خانوں میں لکھیں۔



**A**





**B**




**C**




**D**




**E**



**F**



**G**



*(4 marks)*

**TURN OVER FOR THE NEXT QUESTION**

4

9 سوال نمبر۹: آپ کی استانی آپ کو اسلامی کیلنڈر کے بارے میں بتا رہی ہیں۔

(i) اسلامی کیلنڈر کے پہلے مہینے کا نام کیا ہے؟

| A | B | C | D |
|---|---|---|---|
| شعبان | رمضان | محرّم | ذوالحجہ |

صحیح جواب کا انگریزی حرف خانے میں لکھیں۔

(1 mark) ☐

(ii) اس مہینے میں کیا واقعہ پیش آیا؟

.................................................................................................................................

.................................................................................................................................

(1 mark)

(iii) اس مہینے کے شروع میں لوگ کیا نہیں کرتے؟

.................................................................................................................................

(1 mark)

سوال نمبر۱۰ : آپ کے بھائی اردو کے بارے میں کچھ بتا رہے ہیں۔ 10

اردو سیکھتے وقت کس بات کا خیال رکھنا چاہیئے اور کیوں؟

(i) ..........................................................................................................................
*(1 mark)*

(ii) ..........................................................................................................................
*(1 mark)*

(iii) ..........................................................................................................................
*(1 mark)*

**TURN OVER FOR SECTION B**

*6*

LEAVE MARGIN BLANK

## SECTION B

Questions and answers in **English.**

**11** Anwar is planning to go to the cinema. You are listening to the conversation between Anwar and his mother.

(a) What advice does Anwar's mother give to him? Give **two** details.

1 ..........................................................................................................................................

2 ..........................................................................................................................................

*(2 marks)*

(b) What is your opinion about Anwar's mother?

..........................................................................................................................................

*(1 mark)*

(c) How would you describe Anwar's attitude towards his mother?

..........................................................................................................................................

*(1 mark)*

**12** You are listening to a radio programme. You hear Nishat talking about herself.

(a) Why does Nishat have to wear dark glasses?

..........................................................................................................................................

*(1 mark)*

(b) How do people react when they see her for the first time?

..........................................................................................................................................

*(1 mark)*

(c) How do Nishat's parents show their support for her?

..........................................................................................................................................

*(1 mark)*

(d) How would you describe Nishat's personality?

..........................................................................................................................................

*(1 mark)*

**END OF TEST**

# FOR INVIGILATOR'S USE ONLY

General Certificate of Secondary Education
Summer 2003

**URDU** **3646/LH/T**
**Higher Tier**
**Listening Test Transcript**

ASSESSMENT and QUALIFICATIONS ALLIANCE

**FOR INVIGILATOR'S USE ONLY**

Tuesday 3 June 2003 9.00am – 9.45am approximately (including reading time)

Time allowed: 40 minutes approximately + five minutes reading time before the test

This is what you should do for each item.

- Read the instructions and questions.
- Listen carefully to the recording and read the questions again.
- Listen to the recording again, and then answer the questions.
- Your teacher will pause the tape when you hear the tone, after the second hearing of each item, to give you time to write. You may write at any time during the test.
- In **Section A** answer the questions in **Urdu.**
- In **Section B** answer the questions in **English.**
- Write neatly and put down **all** the information you are asked to give.
- Ask any questions now. **There must be no questions or interruptions during the test.**
- **The test starts now.**

# حصّہ الف: سوالات اور جواب اردو میں

۱: میرا نام انیسہ ہے اور میں ایک ثانوی اسکول کی طالبہ ہوں۔ ہمارے اسکول میں یونیفارم پہننا لازمی ہے۔ کیونکہ اس کی وجہ سے یکسانیت آجاتی ہے۔

۲: مجھے ہر ماہ کی پہلی تاریخ کو اس رسالے کا بے چینی سے انتظار رہتا ہے۔ اس کی سب سے بڑی خوبی تو یہ ہے کہ اس میں سب ہی لوگوں کی تفریح طبع کے سامان کا خیال رکھا جاتا ہے۔ چونکہ یہ رسالہ اردو اور انگریزی زبان میں شائع ہوتا ہے اس لیے اس کو انگریز بھی بڑی دلچسپی سے پڑھتے ہیں۔

۳: (i) مجھے فیصل کہتے ہیں۔ مجھے ہندوستانی فلمیں بالکل پسند نہیں ہیں کیونکہ یہ بہت طویل ہوتی ہیں۔ اگر آپ کے پاس فالتو وقت ہو تو ٹھیک ہے لیکن میرے پاس اتنا وقت ہی کہاں!

(ii) میں روبینہ ہوں۔ نہ تو میں مزید تعلیم حاصل کرنا چاہتی ہوں اور نہ ملازمت کرنا چاہتی ہوں لہذا میں نہ چاہتے ہوئے بھی انہیں دیکھنے بیٹھ جاتی ہوں۔ اگر یہ فلمیں نہ ہوتیں تو نہ جانے میرا وقت کیسے گزرتا!

(iii) میرا نام عمر ہے۔ مجھے ایشیائی فلموں اور ڈراموں سے قطعی دلچسپی نہیں کیونکہ یہ ایک دوسرے کی نقل ہوتے ہیں۔ فلم شروع ہونے کے تھوڑی دیر بعد ہی معلوم ہو جاتا ہے کہ انجام کیا ہوگا۔

(iv) میں شازیہ ہوں۔ میں اردو کے ڈرامے اس لیے دیکھتی ہوں تاکہ میں اردو بولنا سیکھ سکوں۔ میں چاہتی ہوں کہ جب بھی میں اپنے رشتہ داروں سے ملوں تو ان سے اپنی قومی زبان میں بات کرسکوں۔

۴: (i) حنا! چھٹی کے دن کیا کرنے کا ارادہ ہے؟

میرے کپڑے سل گئے ہوں گے۔ میں وہ لینے جاؤں گی

(ii) حامد! آپ

مجھے اپنی آنکھوں کا معائینہ کروانے جانا ہے۔ میرے سر میں اکثر درد رہنے لگا ہے۔

(iii) زارا! آپ کیا کریں گی؟

اگلے ہفتے میری بھانجے کی سالگرہ ہے اس کے لیے کیک کا آرڈر دینے جاؤں گی۔

(iv) اور ماجد آپ!

مجھے تو کچھ رسالے خریدنے جانا ہے۔

(v) شاہینہ! آپ کیا کریں گی؟

میرے والدین آج کل چھٹیوں پر گئے ہوئے ہیں اور گھر میں ہی سنبھال رہی ہوں۔ بیشتر چیزیں ختم ہوگئی ہیں لہٰذا وہ لینے جاؤں گی۔

۵: مجھے حیدرآباد دکن جانا ہے۔ ہوائی جہاز کے ذریعے سب سے سستا ٹکٹ کتنے کا ہوگا؟

ایجنٹ: آپ کب جانا چاہتی ہیں؟

عورت: موسم سرما میں۔

ایجنٹ: اُس وقت تو بہت لوگ سفر کرتے ہیں۔ ٹکٹ ملنا مشکل ہوگا اور کرائے بھی بڑھ جاتے ہیں۔

عورت: کیا کوئی پرواز سیدھی حیدرآباد جاتی ہے؟

ایجنٹ: جی نہیں! آپ کو ممبئی میں جہاز تبدیل کرنا ہوگا۔

۶: صوفیہ: میں نے اپنی چھٹیاں ساحلِ سمندر کے قریب گزاریں۔ وہاں غروبِ آفتاب کا منظر بہت دلکش ہوتا ہے۔ ایسا لگتا ہے جیسے کسی نے سُرخ اور سنہری کرنوں کا جال بچھا دیا ہو۔

رفیع: میں تاج محل دیکھنے آگرہ گیا تھا۔ افسوس تو اس بات کا ہے کہ یہ سفید سنگِ مرمر کی عالی شان عمارت صنعتی آلودگی کی وجہ سے کمزور اور خراب ہوتی جا رہی ہے۔

۷: اب آپ مقامی سڑکوں سے متعلّق ایک اعلان سُنیں۔

لاہور کی تمام سڑکوں پر آمدورفت معمول کے مطابق ہے۔ لیکن لاہور سے اسلام آباد جانے والی شاہراہ پر ایک گاڑی اور ٹرک میں ٹکّر ہو جانے کی وجہ سے گاڑیوں کی لمبی قطار لگ گئی ہے۔

۸: مثال: کراچی کا درجہ حرارت ۱۸ ڈگری ہوگا۔

(i) کوئٹہ میں برف باری ہونے کا امکان ہے۔

(ii) لاہور میں تیز ہوائیں چلیں گی۔

(iii) حیدرآباد میں موسم خشک ہوگا اور تیز دھوپ کی وجہ سے بہت گرمی ہوگی۔

(iv) اسلام آباد میں بہت کہر ہوگی۔

۹: اسلامی کیلنڈر کی ابتدا محرّم سے ہوتی ہے۔ یہ ایک بہت ہی غم کا مہینہ ہے کیونکہ اس ماہ میں حضرت امام حسین کی شہادت ہوئی تھی۔ بہت لوگ اس ماہ کے پہلے دس دنوں میں موسیقی نہیں سنتے ہیں اور بعض لوگ شوخ اور رنگ برنگے لباس بھی نہیں پہنتے۔

۱۰: اردو سیکھنے کے دوران یہ بڑا ضروری ہے کہ ہم تلفّظ پر بہت توجہ دیں ورنہ لکھنے میں بچّے کی بہت غلطیاں ہو جاتی ہیں اور پھر غلط املا کی وجہ سے الفاظ کے معنی بھی بدل جاتے ہیں۔

**Section B Questions and answers in English**

۱۱: انور: امّی کیا میں فلم دیکھنے جا سکتا ہوں؟

امّی: کس کے ساتھ جاؤ گے؟

انور: آصف کے ساتھ۔

امّی: ہاں بیٹے تم جا سکتے ہو لیکن اس بات کا خیال رکھنا کہ بعد میں سیدھے گھر واپس چلے آنا۔ اچھا فلم کتنے بجے ختم ہو گی؟

انور: یہی کوئی ساڑھے نو، دس بجے تک۔

امّی: ٹھیک ہے اس کا مطلب ہے کہ تم ساڑھے دس، گیارہ بجے تک واپس آ جاؤ گے۔ ذرا گاڑی آہستہ چلانا اور اپنا موبائیل بھی ساتھ رکھ لینا۔

انور: امّی آپ تو خواہ مخواہ پریشان ہوتی ہیں۔ میں اب اتنا نادان بھی نہیں ہوں۔ میں اپنی حفاظت خود کر سکتا ہوں۔

امّی: ہاں بیٹے میں جانتی ہوں لیکن میں اپنی عادت سے مجبور ہوں۔ آجکل زمانہ بڑا خراب ہے۔

۱۲: میرا نام نشاط ہے۔ جب لوگ مجھے دھوپ کا چشمہ لگائے دیکھتے ہیں تو پہلی بار حیران ضرور ہوتے ہیں لیکن انہیں بہت جلد حقیقت کا پتہ چل جاتا ہے، میں پیدائشی نابینا ہوں، لیکن میرے والدین نے اس کا احساس مجھے کبھی نہیں ہونے دیا۔ یہ میرے والدین ہی کی کوششوں کا نتیجہ ہے کہ مجھ میں اتنی خود اعتمادی پیدا ہو گئی ہے کہ میں ہر وہ کام کر سکتی ہوں جو کہ ایک عام انسان کر سکتا ہے۔

**END OF TEST**